احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کے لئے

روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 MB/FD-10/FR

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

ہفتہ 2 فروری 2008ء 23 محرم 29 14 ہجری 2 تبلیغ 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 28

ہفتہ 2 فروری 2008ء

سبک رفتار

حضرت ابن عباسؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ جب چلتے تھے تو اس میں بڑا وقار اور تمکنت ہوتی تھی اور سستی کا کوئی شائبہ نہیں ہوتا تھا۔ (مسند احمد حدیث نمبر: 2876)

حضرت علیؓ فرماتے ہیں کہ جب رسول اللہؐ چلتے تو قدم تیزی سے اٹھاتے گویا نشیب کی طرف اتر رہے ہیں۔

(شمائل الترمذی باب فی خلق رسول اللّٰہ)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

”تداخل طعام درست نہیں ہے یعنی ایک کھانا کھایا پھر کچھ اور کھالیا پھر کچھ اور۔ اس کا نتیجہ یہی ہوگا کہ سوء ہضم ہو کر ہیضہ ہوجاتے یا کسی اور بیماری کی نوبت آئے“۔

(ملفوظات جلد دوم صفحہ 81)

”حکیم لکھتے ہیں کہ ریاضت بدنی ادویہ کی مشق سے بہتر ہوتی ہیں“۔

(ملفوظات جلد پنجم صفحہ 290)

”ہر ایک شخص چاہتا ہے کہ اس کی عمر دراز ہو.......... قرآن شریف نے ایک اصول بتایا ہے.......... (الرعد: 18) یعنی جو نفع رساں وجود ہوتے ہیں ان کی عمر دراز ہوتی ہے.......... ہمدردی خلائق یہی ہے کہ محنت کر کے دماغ خرچ کر کے ایسی راہ نکالے کہ دوسروں کو فائدہ پہنچا سکے تا کہ عمر دراز ہو“۔

(ملفوظات جلد دوم صفحہ 221)

”انسان کو لازم ہے کہ وہ (-) (لوگوں میں بہتر ہے وہ جو انہیں نفع پہنچاتا ہے) بننے کے واسطے سوچتا رہے اور مطالعہ کرتا رہے۔ جیسے طبابت میں حیلہ کام آتا ہے اسی طرح نفع رسانی اور خیر میں بھی حیلہ ہی کام دیتا ہے اس لئے ضروری ہے کہ انسان ہر وقت اس تاک اور فکر میں لگا رہے کہ کس راہ سے دوسرے کو فائدہ پہنچا سکتا ہے“۔

(ملفوظات جلد اول صفحہ 353)

حضرت اقدس نے 14 جون 1902ء کی مجلس عرفان میں پان، حقہ، زردہ، تمباکو افیون وغیرہ کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ: ”عمدہ صحت کو کسی بے ہودہ سہارے سے کبھی ضائع نہیں کرنا چاہئے۔ شریعت نے خوب فیصلہ کیا ہے کہ ان مضر صحت چیزوں کو مضر ایمان قرار دیا ہے اور ان سب کی سردار شراب ہے۔

(ملفوظات جلد دوم صفحہ 219)

خلافت جوبلی کنونشن IAAAE

انٹرنیشنل ایسوسی ایشن آف احمدی آرکیٹکس اینڈ انجینئرز کا 27واں سالانہ کنونشن مورخہ 8 اور 9 مارچ 2008ء بروز ہفتہ اور اتوار دفاتر انصاراللہ پاکستان کے ہال میں منعقد ہوگا۔ تمام احباب کرام و خواتین نیز احمدی انجینئرز آرکیٹکٹ صاحبان سے شرکت کی بھرپور دعوت ہے۔ نیز تمام ایسے احباب جنہوں نے ابھی ایسوسی ایشن کی ممبر شپ حاصل نہیں کی وہ مندرجہ ذیل نمبروں پر رابطہ کر کے رکنیت حاصل کر لیں۔ اس کنونشن میں انڈسٹریل نمائش کا بھی اہتمام کیا جا رہا ہے خواہش مند احمدی مینوفیکچرر اور کاروباری حضرات بھی اس سلسلہ میں رابطہ فرمائیں۔

1۔ مکرم انجینئر جہانگیر شفیع صاحب کنوینر
0321-8497454
2۔ مکرم انجینئر وسیم احمد خلیل صاحب لاہور
0300-4399113
3۔ مکرم انجینئر سید محمود احمد صاحب اسلام آباد
0300-8555249
4۔ مکرم انجینئر جلال صادق صاحب راولپنڈی
0300-8520263
5۔ مکرم انجینئر عرفان احمد صاحب کراچی
0300-8236445
6۔ مکرم انجینئر طارق محمود صاحب فیصل آباد
0300-6604647
7۔ مکرم انجینئر عبدالودود صاحب پشاور
0300-5933067

باقی صفحہ 12 پر

ماہر امراض معدہ و جگر کی آمد

مکرم ڈاکٹر محمد محمود شیخ صاحب ماہر امراض معدہ و جگر مورخہ 10 فروری 2008ء کو بوقت 10 بجے صبح ایڈمنسٹریشن بلاک میں مریضوں کا معائنہ کریں گے۔ چونکہ پرچیوں کی تعداد محدود ہے اس لئے اولین فرصت میں پرچی روم سے رابطہ کر کے اپنی پرچی بنوا لیں۔ اور مزید معلومات کے لئے استقبالیہ ہسپتال سے رجوع فرمائیں۔ (ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

مشعل راہ

بھائی کے ساتھ مروت کرنا انسانیت کا تقاضا ہے

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز خطبہ جمعہ 12 ستمبر 2003ء میں فرماتے ہیں کہ حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔

''یادرکھو حقوق کی دو قسمیں ہیں۔ایک حق اللہ دوسرے حق العباد۔حق اللہ میں بھی امراء کو دقت پیش آتی ہے اور تکبر اور خود پسندی ان کو محروم کر دیتی ہے مثلاً نماز کے وقت ایک غریب کے پاس کھڑا ہونا برا معلوم ہوتا ہے۔ان کو اپنے پاس بٹھا نہیں سکتے اور اس طرح پر وہ حق اللہ سے محروم رہ جاتے ہیں کیونکہ (۔) تو دراصل بیت المساکین ہوتی ہیں۔اور وہ ان میں جانا اپنی شان کے خلاف سمجھتے ہیں اور اسی طرح وہ حق العباد میں خاص خاص خدمتوں میں حصہ نہیں لے سکتے۔غریب آدمی تو ہر ایک قسم کی خدمت کے لئے تیار رہتا ہے۔وہ پاؤں دبا سکتا ہے۔پانی لا سکتا ہے۔کپڑے لا سکتا ہے۔کپڑے دھو سکتا ہے یہاں تک کہ اس کو اگر نجاست پھینکنے کا موقعہ ملے تو اس میں بھی اسے دریغ نہیں ہوتا، لیکن امراء ایسے کاموں میں ننگ و عار سمجھتے ہیں اور اس طرح پر اس سے محروم رہتے ہیں۔غرض امارت بھی بہت سی نیکیوں کے حاصل کرنے سے روک دیتی ہے۔یہی وجہ ہے جو حدیث میں آیا ہے کہ مساکین پانچ سو برس اول جنت میں جائیں گے۔''

(ملفوظات جلد سوم صفحہ 368 جدید ایڈیشن)

فرماتے ہیں: ''پس مخلوق کی ہمدردی ایک ایسی شئے ہے کہ اگر انسان اسے چھوڑ دے اور اس سے دور ہوتا جاوے تو رفتہ رفتہ پھر وہ درندہ ہو جاتا ہے۔انسان کی انسانیت کا یہی تقاضا ہے اور وہ اسی وقت تک انسان ہے۔جب تک اپنے دوسرے بھائی کے ساتھ مروت، سلوک اور احسان سے کام لیتا ہے اور اس میں کسی قسم کی تفریق نہیں ہے۔''۔

فرمایا: ''یادرکھو کہ ہمدردی کا دائرہ میرے نزدیک بہت وسیع ہے۔کسی قوم اور فرد کو الگ نہ کرے۔میں آج کل کے جاہلوں کی طرح یہ نہیں کہنا چاہتا کہ تم اپنی ہمدردی کو صرف مسلمانوں سے ہی مخصوص کرو۔نہیں۔میں کہتا ہوں کہ تم خدا تعالیٰ کی ساری مخلوق سے ہمدردی کرو۔خواہ وہ کوئی ہو۔ہندو ہو یا مسلمان یا کوئی اور۔میں کبھی ایسے لوگوں کی باتیں پسند نہیں کرتا جو ہمدردی کو صرف اپنی ہی قوم سے مخصوص کرنا چاہتے ہیں''۔

فرماتے ہیں: ''غرض نوع انسان پر شفقت اور اس سے ہمدردی کرنا بہت بڑی عبادت ہے اور اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے کے لئے یہ ایک زبردست ذریعہ ہے۔مگر میں دیکھتا ہوں کہ اس پہلو میں بڑی کمزوری ظاہر کی جاتی ہے۔دوسروں کو حقیر سمجھا جاتا ہے۔ان پر ٹھٹھے کیے جاتے ہیں۔ان کی خبر گیری کرنا اور کسی مصیبت اور مشکل میں مدد دینا تو بڑی بات ہے۔جو لوگ غرباء کے ساتھ اچھے سلوک سے پیش نہیں آتے بلکہ ان کو حقیر سمجھتے ہیں۔مجھے ڈر ہے کہ وہ خود اس مصیبت میں مبتلا نہ ہو جاویں۔اللہ تعالیٰ نے جن پر فضل کیا ہے اس کی شکر گزاری یہی ہے کہ اس کی مخلوق کے ساتھ احسان اور سلوک کریں۔اور اس خداداد فضل پر تکبر نہ کریں اور وحشیوں کی طرح غرباء کو کچل نہ ڈالیں۔''

(ملفوظات جلد چہارم۔ صفحہ 448۔ جدید ایڈیشن)

آپ فرماتے ہیں: ''قرآن شریف نے جس قدر والدین اور اولاد اور دیگر اقارب اور مساکین کے حقوق بیان کئے ہیں۔میں نہیں خیال کرتا کہ وہ حقوق کسی اور کتاب میں لکھے گئے ہوں۔جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے (۔) (سورۃ النساء: 37) تم خدا کی پرستش کرو اور اس کے ساتھ کسی کو مت شریک ٹھہراؤ اور اپنے ماں باپ سے احسان کرو اور ان سے بھی احسان کرو جو تمہارے قرابتی ہیں (اس فقرہ میں اولاد اور بھائی اور قریب اور دور کے تمام رشتہ دار آ گئے) اور پھر فرمایا کہ یتیموں کے ساتھ بھی احسان کرو اور مسکینوں کے ساتھ بھی اور جو ایسے ہمسایہ ہوں جو قرابت والے بھی ہوں اور ایسے ہمسایہ ہوں جو محض اجنبی ہوں اور ایسے رفیق بھی جو کسی کام میں شریک ہوں یا کسی سفر میں شریک ہوں یا نماز میں شریک ہوں یا علم دین حاصل کرنے میں شریک ہوں اور وہ لوگ جو مسافر ہیں اور وہ تمام جاندار جو تمہارے قبضہ میں ہیں سب کے ساتھ احسان کرو۔خدا ایسے شخص کو دوست نہیں رکھتا جو تکبر کرنے والا اور شیخی مارنے والا ہو جو دوسروں پر رحم نہیں کرتا۔''

(چشمہ معرفت۔ روحانی خزائن جلد 23 صفحہ 208-209)

(روزنامہ الفضل 13 جنوری 2004ء)

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

ولادت

❁ مکرم ناصر احمد ساجد صاحب نائب افسر خزانہ صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل سے خاکسار کے بیٹے مکرم خالد محمود صاحب و مکرمہ منصورہ خالد صاحبہ کو پہلی بیٹی سے نوازا ہے۔نومولودہ کا نام حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے از راہ شفقت سلمانہ خالد عطاء عطا فرمایا ہے۔عزیزہ وقف نو کی بابرکت تحریک میں شامل ہے۔اور مکرم مرزا عبدالمجید صاحب آف نارووال کی نواسی ہے۔احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ بچی کو صحت و سلامتی والی لمبی زندگی عطا کرے نیک، خادمہ دین اور والدین کیلئے قرۃ العین بنائے۔آمین

ولادت

❁ مکرم عبدالمنان کوثر صاحب پبلشر و مینیجر ماہنامہ انصار اللہ تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کی چھوٹی ہمشیرہ مکرمہ شاہدہ عزیز صاحبہ زوجہ مکرم محمد ادریس شاہد صاحب معلم وقف جدید ربوہ کو اللہ تعالیٰ نے بچی سے نوازا ہے بچی وقف نو کی تحریک میں شامل ہے۔حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بچی کا نام غزالہ شاہد عطا فرمایا ہے جو مکرم عبدالعزیز صاحب گکھڑ مرحوم پنشنر دفتر دیوان ربوہ کی نواسی اور مکرم چوہدری انور احمد صاحب معراج پورہ ضلع شیخوپورہ کی پوتی ہے۔احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ صحت و سلامتی والی عمر عطا فرمائے ہمیشہ اپنے خاص فضلوں سے نوازے۔اور جملہ پریشانیوں سے نجات بخشے آمین

ولادت

❁ مورخہ 15 جنوری 2008ء کو محترمہ نزہت طاہر صاحبہ زوجہ مکرم طاہر جند صاحب حلقہ علامہ اقبال ٹاؤن لاہور کو اللہ تعالیٰ نے بیٹے سے نوازا ہے۔ بیٹے کا نام حاشر احمد تجویز ہوا ہے جو وقف نو کی بابرکت تحریک میں شامل ہے اور مکرم محمد ایوب صاحب سابق سیکرٹری مال بورے والا کا پوتا ہے احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ بچے کو صحت و تندرستی والی لمبی زندگی عطا فرمائے والدین اور سلسلہ کیلئے خادم اور آنکھوں کی ٹھنڈک بنائے۔آمین

ولادت

❁ مورخہ 24 جنوری 2008ء کو محترمہ نوشین مسعود صاحبہ زوجہ مکرم مسعود ظفر صاحب علامہ اقبال ٹاؤن لاہور کو اللہ تعالیٰ نے بیٹے سے نوازا ہے جس کا نام ایمن مسعود تجویز ہوا ہے۔نومولود مکرم میاں ظفر اللہ صاحب سیکرٹری اصلاح و ارشاد حلقہ علامہ اقبال ٹاؤن لاہور کا پوتا اور حضرت میاں خدا بخش صاحب رفیق حضرت مسیح موعود کی نسل میں سے ہے۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ بچے کو صحت و تندرستی والی لمبی زندگی عطا فرمائے والدین اور سلسلہ کا سچا خادم بنائے۔آمین

ولادت

❁ مکرم سہیل احمد صاحب بٹ حلقہ محمود آباد کراچی تحریر کرتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل و کرم سے محترمہ نورین نعمان صاحبہ اہلیہ مکرم نعمان مبشر صاحب آف لاس اینجلس امریکہ کو 10 جنوری 2008ء کو پہلے بیٹے سے نوازا ہے حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے نومولود کا نام فاران احمد عطا فرمایا ہے جو کہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے وقف نو کی بابرکت تحریک میں شامل ہے نومولود مکرم بشارت احمد صاحب بٹ اگوکی ضلع سیالکوٹ کا نواسہ اور مکرم مبشر احمد صاحب امریکہ کا پوتا ہے۔احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ نومولود کو صحت والی لمبی و بابرکت عمر عطا کرے، خادم دین اور والدین کے لئے قرۃ العین بنائے۔آمین

درخواست دعا

❁ مکرم حفیظ الرحمٰن راشد صاحب انسٹرکٹر دارالصناعۃ ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کے خسر محترم محمد اشرف اسحٰق صاحب مربی سلسلہ گزشتہ پندرہ روز سے بعارضہ نمونیہ بیمار چلے آ رہے ہیں۔ بیماری کی شدت کی وجہ سے گزشتہ پانچ روز سے فضل عمر ہسپتال میں علاج کے سلسلہ میں داخل ہیں احباب جماعت سے ان کی کامل شفایابی کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

ولادت

❁ محترمہ سیدہ طیبہ رضوی صاحبہ اہلیہ مکرم سید سمیع اللہ صاحب سیکرٹری وقف جدید حلقہ علامہ اقبال ٹاؤن لاہور کو اللہ تعالیٰ نے مورخہ 16 دسمبر 2007ء کو ایک بیٹی سے نوازا ہے بیٹی کا نام فارعہ سید تجویز ہوا ہے اللہ تعالیٰ کے فضل سے بابرکت تحریک وقف نو میں شامل ہے جو مکرم سید ولی اللہ شاہ صاحب نیر ولی ہاؤس والے کی پوتی اور مکرم سید اعجاز عباس رضوی صاحب کی نواسی ہے۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ بچی کو لمبی عمر والی نیز سلسلہ اور والدین کے لئے باعث رحمت بنائے۔آمین

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

ازافاضات سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی

تمدّن کے متعلق دینی تعلیم

اخلاقِ حسنہ

رسول کریم ﷺ فرماتے ہیں(-) کہ خُلق دین کا برتن ہے۔ اب تم خود ہی سمجھ لو کبھی برتن کے بغیر بھی دودھ رہا ہے؟ یہ تو ہوسکتا ہے کہ برتن ہو مگر دودھ نہ ہو لیکن یہ نہیں ہوسکتا کہ دودھ بغیر برتن کے باقی رہے۔ پس اخلاقِ حسنہ دین کا برتن ہیں۔ اگر کسی کے پاس یہ برتن نہیں اور وہ کہتا ہے کہ میرے پاس ایمان کا دودھ ہے تو وہ جھوٹ بولتا ہے۔ پھر رسول کریم ﷺ فرماتے ہیں(-) کہ میں اس لئے بھیجا گیا ہوں تا اخلاقِ فاضلہ کو کامل کر کے قائم کروں۔

معاملات

پھر معاملات کے متعلق فرماتے ہیں(-) کہ اعلیٰ درجہ کا ایمان یہ ہے کہ لوگ تیرے ہاتھ سے امن میں رہیں اور کسی کو تجھ سے دکھ نہ پہنچے اور اعلیٰ درجہ کا ...... یہ ہے کہ لوگ تجھ سے محفوظ رہیں یعنی تو نہ زبان سے ان سے لڑے اور نہ ہاتھ سے انہیں کوئی تکلیف پہنچائے۔

خدمتِ قومی

خدمتِ قومی کے متعلق رسول ﷺ فرماتے ہیں کہ اگر ...... کی خدمت میں کوئی شخص تم میں سے ایک گھنٹہ خرچ کرتا ہے جس کا اسے کوئی ذاتی فائدہ نہیں پہنچتا تو وہ چالیس دن کی عبادت سے زیادہ ثواب حاصل کرتا ہے۔

رزقِ حلال

رزقِ حلال کے متعلق فرماتے ہیں کہ خدا تعالیٰ کی عبادت کے دس حصے ہیں۔ ایک حصہ عبادت کا تو نماز، روزہ، حج اور زکوٰۃ ہے مگر عبادت کے نو حصے رزقِ حلال کھانا ہے۔ گویا اگر تم نمازیں بھی پڑھتے ہو، روزے بھی رکھتے ہو، حج بھی کرتے ہو، زکوٰۃ بھی دیتے ہو لیکن اپنی تجارت میں دھوکا بازی کرتے ہو، تو تم ایک حصہ دودھ میں نو حصے ناپاکی ملا دیتے ہو اور اپنی تمام عبادت کو ضائع کر لیتے ہو۔ یا اگر تم کسی کو ایک پیسہ کی چیز دینے لگتے ہو اور ترکڑی کا پلڑا ذرا سا جھکا دیتے ہو تو تم اس ذرا سی بے احتیاطی یا ذرا سی چالاکی اور ہوشیاری سے اپنے حلال مال میں نو حصے گندگی کے ملا دیتے ہو اور اپنی ساری عمر کی عبادتوں کو ضائع کر لیتے ہو کیونکہ نماز، روزہ کے احکام بجا لا کر صرف دسواں حصہ حق کا ادا ہوتا ہے، باقی نو حصے اللہ تعالیٰ کے حق کے رزقِ حلال کما کر ادا ہوتے ہیں۔

چستی اور محنت

چستی اور محنت سے کام کرنے کے متعلق فرماتے ہیں(-) کہ جب تم دنیا کے کام کرو تو یاد رکھو ...... تعلیم اس وقت یہ ہے کہ ایسی محنت اور ایسی چُستی سے کرو گویا تم نے ہمیشہ زندہ رہنا ہے اور کبھی مرنا ہی نہیں۔ یہ نہ ہو کہ تم کہو کیا کام کرنا ہے مرتو جانا ہی ہے یا کیوں خواہ مخواہ محنت کریں انجام تو فنا ہی ہے۔ فرماتا ہے دنیا کے کام اس طرح نہیں بلکہ اس طرح کرو کہ گویا تمہیں موت کا خیال تک نہیں وَاخذرْ حَذْرَ لیکن دین کے معاملہ میں اس طرح ڈرتے ڈرتے کام کرو گویا تم نے کل ہی مر جانا ہے۔ یہ دو مقام ہیں جو تمہیں حاصل ہونے چاہئیں۔ یعنی ایک طرف تم میں اتنی چُستی اور اتنی پھرتی ہو کہ گویا تم نے کبھی مرنا ہی نہیں اور دوسری طرف اتنی خشیت ہو کہ گویا تم نے جینا ہی نہیں۔

بنی نوعِ انسان کی خیر خواہی

بنی نوع انسان کی خیر خواہی کے متعلق فرماتے ہیں(-) کہ ہر ...... پر صدقہ واجب ہے اور اگر کوئی کہے کہ میں تو غریب ہوں میں کہاں سے چندہ دوں۔ جیسے بعض لوگوں سے جب چندہ مانگا جاتا ہے تو وہ کہتے ہیں ہم سے کیا چندہ لینا ہے ہمیں تو تم چندہ دو کیونکہ غریب ہیں۔ تو فرمایا **فلیعمل بیدہ** ایسے شخص کو چاہئے کہ وہ قومی کام اپنے ہاتھ سے کرے کیونکہ وہ یہ نہیں کہہ سکتا کہ میرے ہاتھ بھی نہیں ہیں۔ وہ زیادہ سے زیادہ یہی کہہ سکتا ہے کہ میرے پاس روپے نہیں تو فرمایا اچھا اگر روپے نہیں تو اپنے ہاتھ سے کام کرو۔ گویا رسول کریم ﷺ نے صدقہ صرف مالداروں پر ہی فرض نہیں کیا بلکہ غرباء کو بھی اس میں شامل کر لیا ہے اور فرمایا کہ صدقہ دینا ہر انسان کا کام ہے جو مال دے سکتا ہے وہ مال دے اور جو مال نہیں دے سکتا وہ اپنے ہاتھ سے کام کرے۔ اسی لئے تحریک جدید میں مَیں نے بتایا ہے کہ اپنے ہاتھ سے کام کرو اور اگر کوئی ہاتھ بھی نہیں ہلا سکتا تو صرف دعا کرتا رہے کیونکہ اس صورت میں یہی اس کا کام سمجھا جائے گا۔

صفائی

صاف رہنے کے متعلق فرماتے ہیں(-) کہ صفائی رکھنا ایمان کا جزو ہے۔ پھر فرماتے ہیں(-) کہ وہ دستر خوان جس کو چکنائی لگ گئی ہو اسے اپنے گھروں سے نکال کر باہر پھینک دو کیونکہ وہ خبیث چیز ہے اور گندگی کا مقام ہے یعنی اس پر مکھیاں بیٹھتی ہیں، کیڑے آتے ہیں اور بیماریاں ترقی پکڑتی ہیں۔ مگر تعجب ہے کہ آج کل لوگ نیکی اس بات کو سمجھتے ہیں کہ کپڑے کو اس وقت تک نہ دھویا جائے جب تک کہ وہ پھٹ نہ جائے۔

صداقت

صداقت کے متعلق فرماتے ہیں(-) کہ اے لوگو تم جھوٹ سے بچو اور یہ اچھی طرح سمجھ لو کہ جھوٹ نہ ہنسی میں جائز ہے نہ سنجیدگی میں۔ بعض لوگ کہہ دیا کرتے ہیں کہ ہم نے جھوٹ نہیں بولا محض ہنسی کی ہے۔ مگر رسول کریم ﷺ اسے بھی جھوٹ قرار دیتے ہیں بلکہ آپؐ اس سے بھی زیادہ احتیاط سے کام لینے کی ہدایت دیتے اور فرماتے ہیں(-) کہ تم اپنے بچوں سے بھی جھوٹا وعدہ نہ کرو۔ تم بعض دفعہ بچے سے جب وہ رو رہا ہو کہتے ہو ہم تجھے ابھی مٹھائی منگا دیں گے پھر جب وہ چپ ہو جاتا ہے تو تم اُسے کوئی مٹھائی منگا کر نہیں دیتے۔ رسول کریم ﷺ فرماتے ہیں ایسا مت کرو کیونکہ یہ جھوٹ ہے اور جھوٹ بولنا کسی حالت میں بھی جائز نہیں۔

کسب

پھر کما کر گزارہ کرنا بھی ...... کا جزو ہے۔ چنانچہ رسول کریم ﷺ کی خدمت میں ایک دفعہ صحابہؓ آئے اور انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ! ایک شخص رات دن عبادت میں لگا ہوا ہے، فرمایئے وہ سب سے اچھا ہوا یا نہیں؟ انبیاء کا بھی کیسا لطیف جواب ہوتا ہے۔ آپؐ نے فرمایا جب وہ رات دن عبادت میں لگا رہتا ہے تو کھاتا کہاں سے ہے۔ انہوں نے عرض کیا لوگ دیتے ہیں۔ آپؐ نے فرمایا تو پھر جتنے اُسے کھانے پینے کے لیے دیتے ہیں وہ سب اس سے بہتر ہیں۔

اسی طرح حدیثوں میں آتا ہے کہ ایک دفعہ رسول کریم ﷺ مجلس میں بیٹھے تھے کہ پاس سے ایک نوجوان گزرا جو نہایت لمبا مضبوط اور قوی الجثہ تھا اور بڑی تیزی سے اپنے کسی کام کے لیے دوڑتا ہوا جا رہا تھا۔ بعض صحابہؓ نے اسے دیکھ کر تحقیر کے طور پر کوئی ایسا لفظ کہا جس کے معنی یہ ہوتے ہیں کہ جا تیرا بُرا ہو اور کہا کہ اگر اس کی جوانی اللہ کے رستہ میں کام آتی تو کیسا اچھا تھا۔ رسول کریم ﷺ نے یہ سنا تو فرمایا۔ یہ کہنے کا کیا مطلب ہوا کہ تیرا برا ہو جو شخص اس لئے تیزی سے کوئی کام کرتا ہے کہ اس سے اپنی بیوی کو فائدہ پہنچائے، تو وہ خدا کی ہی راہ میں کام کر رہا ہے اور جو شخص اس لئے دوڑتا اور پھرتی سے کام کرتا ہے کہ اپنے بچوں کے کھلانے پلانے کا بندوبست کرے، تو وہ خدا ہی کی راہ میں کام کر رہا ہے۔ ہاں جو شخص اس لئے دوڑتا ہے کہ لوگ اُس کی تعریف کریں اور اُس کی طاقتوں کی داد دیں، تو وہ شیطان کی راہ میں کام کرتا ہے مگر حلال روزی کے لئے کوشش کرنا اور کما کر گزارہ کرنا تو سبیل اللہ میں شامل ہے۔

جائیداد کی حفاظت کا حکم

اسی طرح ...... نے جائیدادوں کی حفاظت کے متعلق خاص طور پر احکام دیئے ہیں اور رسول کریم ﷺ نے فرمایا کہ اگر کوئی جائیداد بیچ کر کھا جاتا ہے تو وہ کسی کام کا نہیں اور وہ اس قابل ہی نہیں کہ خدا تعالیٰ اس کو برکت دے۔

یہ مَیں نے (-) احکام میں سے صرف چند باتیں پیش کی ہیں۔ ورنہ (-) کے احکام سینکڑوں کی تعداد میں ہیں اور ان تمام امور کے جاری کرنے کو سیاست کہتے ہیں اور یہ سیاست (-) کا ضروری جزو ہے۔

(انوار العلوم جلد 15 صفحہ 100)

معجزانہ طور پر جان بچائی گئی

حضرت مولانا غلام حسین صاحب ایاز مرحوم نے لمبا عرصہ سنگاپور میں دعوت حق کی سعادت پائی۔ جاپانیوں کے تسلط کے زمانہ میں کسی شخص کو زبان کھولنے کی ہمت نہ ہوتی تھی مگر آپ بے دھڑک ہر جگہ دینی کاموں میں مصروف رہتے اور دنیا حیران ہوتی تھی کہ آپ ان جاپانیوں کے ہاتھ سے کس طرح بچ جاتے ہیں۔

درحقیقت یہ سب اللہ تعالیٰ کی حفاظت کا کرشمہ تھا جو ایک داعی الی اللہ کو قدم قدم پر نصیب ہوتی ہے۔

ایک بار سنگاپور کی ایک مسجد میں تقریر کرتے ہوئے ایک غیر از جماعت نے احمدیت پر الزام لگایا۔ تو آپ نے اسی وقت بڑی جرأت کے ساتھ مجمع میں کھڑے ہو کر اس الزام کی پُرزور تردید کی۔ مخالفین نے عوام الناس کو پہلے سے مشتعل کر دیا ہوا تھا۔ آپ کی بات سن کر بعض لوگوں نے وہیں پر آپ کو مارنا شروع کر دیا اور ادھ موا کر کے گھسیٹتے ہوئے مسجد کی سیڑھیوں تک لے گئے اور وہاں سے نیچے دھکیل دیا۔ آپ سر کے بل نیچے گرے جس سے آپ کے سر اور کمر پر شدید چوٹیں آئیں اور نیچے گرتے ہی آپ بیہوش ہو گئے۔

آپ اسی طرح بیہوشی کے عالم میں سڑک کے کنارے پڑے رہے۔ نہ کسی نے پولیس کو اطلاع کی نہ خود اٹھا کر ہسپتال پہنچایا۔ اللہ تعالیٰ نے اپنی تائید و نصرت کا یہ کرشمہ دکھایا کہ حسن اتفاق سے ایک احمدی فوجی افسر کرنل تقی الدین احمد صاحب کا وہاں سے گزر ہوا۔ انسانی ہمدردی کے جذبہ سے سڑک کے کنارے ایک شخص کو مردے کی طرح پڑا دیکھ کر آپ نے اپنی جیپ روکی اور دیکھتے ہی پہچان لیا۔ فوری طور پر ہسپتال پہنچایا اور اس طرح اللہ تعالیٰ نے معجزانہ طور پر آپ کی جان بچائی ورنہ غیر احمدی دشمنوں نے تو اپنی طرف سے مار کر یہ یقین کر لیا تھا کہ ان کا کام تمام ہو چکا ہے۔

(ایمان افروز واقعات)

مکرم سید اعجاز احمد شاہ صاحب

میرے داداجان محترم سید عبدالرحیم شاہ صاحب

خاکسار اپنے مرحوم دادا کا ذکرِ خیر کرنا چاہتا ہے۔ جنہوں نے بظاہر خوبصورت اور سرسبز لیکن دلوں کے لحاظ سے انتہائی سنگلاخ وسنگدل سرزمین میں بڑے نامساعد حالات میں احمدیت کو قبول کیا۔ آج اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ ہمارا سارا خاندان احمدیت کے شجرِ سایہ دار کی ٹھنڈی چھاؤں سے مستفید ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اور ہماری نسلوں کو حضرت مسیح موعود کی پیاری جماعت کے ساتھ وفاداری اور جاں نثاری کے عہد نبھانے کی توفیق عطا فرمائے۔

مانسہرہ سے کشمیر اور وادی کاغان کی طرف 13/12 کلومیٹر کے فاصلے پر پھگلہ نام کا ایک گاؤں ہے۔ یہیں پر سید عبدالرحیم شاہ صاحب کی پیدائش لگ بھگ 1897ء میں ہوئی۔ دواڑھائی سال کی عمر میں ہی آپ کے والدِ محترم سید حسین شاہ صاحب ایک حکیم کی دوائی اور پانی بند کردینے کی ہدایت کی وجہ سے بڑی دردناک حالت میں عین جوانی میں وفات پاگئے۔ آپ کی والدہ کا تعلق شاہراہِ ریشم پر واقع چھتر پلین کے قریبی گاؤں بالا سے تھا۔ وہ بھی انتہائی پارسا نیک خاتون تھیں۔ ابھی آپ پانچ سال کے ہی ہوئے تھے کہ وہ بھی اللہ کو پیاری ہوگئیں۔ اب آپ کو دادا سید عمران شاہ صاحب نے سنبھالا۔ شاہ صاحب بھی بڑے نیک متقی انسان تھے۔ امام مہدی کی آمد کی بڑی تڑپ رکھتے۔ اُس زمانے کے ڈسٹرکٹ بورڈ کے ممبر تھے۔ پورے علاقے کے جھگڑے اختلافات، قتل تک کے معاملات نپٹاتے۔ اُن کی نیکی، تقویٰ کا انگریز ڈپٹی کمشنر نمائندہ برٹش حکومت پر اتنا اثر تھا کہ اگر کسی معاملہ میں ممبران میں اختلاف ہوتا تو اکثریت کی بجائے سید عمران شاہ صاحب کے فیصلے کو ہی مانا جاتا۔

عبدالرحیم شاہ صاحب 11، 12 سال کی عمر میں اپنے بزرگ دادا کی شفقت سے بھی محروم ہوگئے۔ پھر چچا سید عبدالحمید شاہ صاحب نے پرورش کی۔ وہ بھی پورے علاقے کے نمبردار تھے۔ داداجان زیادہ تعلیم تو نہ حاصل کرسکے لیکن اُس دور میں ابھی اُنھیں تعلیم حاصل کرنے کا اتنا شوق تھا کہ ابتدائی تعلیم کے بعد لاہور طبیہ کالج میں داخلے کا اللہ تعالیٰ نے موقع عطا فرمادیا اور یوں حکمت کی تعلیم حاصل کرلی۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کے ہاتھوں میں بڑی شفاء رکھی تھی۔

داداجان کو بچپن سے ہی اللہ تعالیٰ نے دین کی رغبت عطا فرمائی تھی۔ اُس وقت وہاں پر بٹیر بازی، کبڈی، تاش اور طرح طرح کی محفلیں ہوتی تھیں۔ ان سب کو چھوڑ کر دینی مجالس کی تلاش میں رہتے۔ دینی علوم حاصل کرنے کی زیادہ سے زیادہ جستجو کرتے۔

اُس علاقے کے ایک بڑے عالم عبدالصمد صاحب جو اہل حدیث تھے اور کسی تحریک کے سربراہ تھے، اُن سے قرآن و حدیث کا علم حاصل کیا۔ اِن ہی دنوں ایک احمدی نوجوان عبدالرؤف صاحب اُس علاقے میں آگئے۔ ان کے مناظرے اور مجالس میں بیٹھنا شروع کردیا۔ ایک دن گاؤں کے مخالفین کے ساتھ بڑی زوردار بحث ہورہی تھی۔ داداجان محسوس کررہے تھے کہ احمدی تو بہت مدلل انداز میں قرآنی تعلیمات کے مطابق بات کررہا ہے، جبکہ مخالف انتہائی فرسودہ قصے کہانیوں کی بات کررہے ہیں۔ اگلے دن مانسہرہ میں اپنے استادِ محترم سے یہی مسئلہ پوچھا تو استاد صاحب نے بھی تقریباً عبدالرؤف صاحب والا ہی جواب دیا۔ تب داداجان نے بتایا کہ مولانا کل یہی مسئلہ پھگلہ میں زیرِ بحث تھا اور بالکل آپ والا جواب احمدی مولانا صاحب دے رہے تھے۔ جبکہ ہمارے لوگ تو عجیب و غریب قصے بیان کررہے تھے۔ اس پر مولانا عبدالصمد صاحب نے کہا کہ احمدی کہتا تو بالکل سچ ہے لیکن عام پبلک کے سامنے ہم یہ بات تسلیم نہیں کرسکتے کیونکہ خالق نالوخلقت ڈاڈی۔

داداجان یہ جواب سن کر حیرت زدہ رہ گئے۔ رات انھوں نے اپنے چچا کو ساری بات بتائی اور کہا کہ اب آپ ہی بتائیں کون جھوٹا اور کون سچا ہے۔ اس پر چچا صاحب نے انھیں ڈانٹنا شروع کردیا اب داداجان دوسری بار حیرت کا شکار ہوئے۔ شاید دل میں سوچا ہوگا کہ میری ان کے ساتھ جو زندگی گزری ہے اس کی نیکی، سچائی، دیانت کا اتنا اثر تو ہوگا کہ فوراً میرا ساتھ دیں گے لیکن یہاں تو معاملہ الٹا ہی نکلا۔ ایسے موقعوں پر اللہ تعالیٰ اپنے ایسے بندوں کو جنہیں اس نے اپنے جاں نثاروں کے گروہ میں شامل کرنا ہوتا ہے خود ہی جرأت ایمانی عطا فرمادیتا ہے۔

اور اگلے دن سے آپ جماعت احمدیہ میں شامل ہوگئے۔ داداجان بتاتے تھے کہ جب بیعت کرنے قادیان کے لئے نکلا تو پھگلہ سے مانسہرہ تک پیدل سفر کیا اور اُس دن برف باری ہورہی تھی۔ پورا سفر برف پر چل کر کیا۔ اس طرح برف پر چل کر امام مہدی کو سلام پہنچانے والی حدیث بھی کسی حد تک پوری ہوئی۔ آپ نے مشکلات، تکلیفوں اور انتہائی نامساعد حالات کو بڑی خندہ پیشانی سے قبول کیا اور ایسا عزم و استقلال دکھایا کہ سارے حیران رہ گئے۔ وہ دور انسانی قدروں اور عزت واحترام کا دور تھا۔ جب سب نے دیکھا کہ عبدالرحیم شاہ کا اس مسئلے پر ڈگمگانا بالکل ناممکن ہے تو سب نے تقریباً آپ کو احمدی کی حیثیت سے قبول کر لیا۔ آپ حکیم بھی تھے۔ ہر کسی کی بے لوث خدمت اور خبرگیری آپ کے شعار میں شامل تھی اور سارے اِس کی بے حد قدر بھی کرتے تھے اور آپ کی نیکی، تقویٰ کے بھی سارے معترف تھے۔ اُس دور میں آپ نے ایک مناظرے کے لئے حضرت مولانا ابوالعطاء صاحب کو مدعو کیا۔ داداجان مولانا صاحب کو لے کر جیسے ہی جلسہ گاہ میں داخل ہوئے، مخالفین نے شورش شروع کردی۔ ایک مخالف اچانک ایک لمبا سونٹا لے کر مولانا صاحب پر حملہ آور ہوا۔ داداجان نے بڑی تیزی سے جھپٹ کر مولانا صاحب کو اپنی آڑ میں لے لیا اور وار سیدھا آپ کے سر پر لگا اور خون چھوٹ پڑا۔ آپ کو اُس وقت مولانا صاحب کی شدید فکر تھی کہ کہیں دشمن اُن کے محبوب مہمان کو کوئی گزند پہنچانے میں کامیاب نہ ہوجائے۔ ادھر داداجان کے ایک چچازاد بھائی صاحب نے جب اپنے بھائی کا خون نکلتا دیکھا تو ان کا خون جوش میں آیا تو اُنھوں نے اپنی ساری برادری کو پکارا کہ دیکھو فلاں لوگوں نے (اُن کے گاؤں کا نام لے کر) ہمارے بھائی عبدالرحیم کو ماردیا۔ اس پر پھگلہ کی سید برادری اُن لوگوں پر ٹوٹ پڑی۔ کوئی اِدھر گرا تو کوئی اُدھر۔ مخالفین نے فوراً فصلوں میں روپوشی اختیار کرلی اور بھاگے۔ یوں اللہ تعالیٰ نے آپ کو سرخرو کیا۔ آپ بڑے مہمان نواز تھے اور خاص کر مرکز سے آنے والے مہمانوں کی تو راہ دیکھ رہے ہوتے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی جب ضلع ہزارہ کے دورے پر تشریف لائے تو آپ نے اپنے بڑے بیٹے اور میرے والد سید محمد بشیر شاہ صاحب کو آپ کی خدمت میں پھگلہ گاؤں کے دورے کی دعوت کے لئے بھجوایا۔

حضور نے کمال شفقت سے بالاکوٹ حضرت سید احمد بریلوی صاحب کے مزار سے واپسی پر پھگلہ آنا منظور کرلیا۔ والد صاحب کو حضور کے قافلے کے ساتھ بالاکوٹ جانے کا موقع مل گیا۔ وہاں حضور گاڑی سے اتر کر جب مزار کی طرف جانے لگے تو والد صاحب کو سعادت نصیب ہوئی کہ حضور آپ کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر اوپر چڑھے اور اترے۔ حضور کا پھگلہ آنا اللہ تعالیٰ نے بڑا مبارک و بابرکت فرمایا۔ پورے گاؤں نے مین روڈ سے گاؤں تک کچی سڑک کو مل کر اس قابل بنایا کہ حضور کی موٹر کار بآسانی گاؤں کے اندر آئی۔ سارے گاؤں والوں نے زبردست استقبال کیا۔ خواتین مبارکہ ہمارے گھر میں ٹھہریں اور حضور کو داداجان کے چچا کے حجرے میں استقبالیہ اور دعوت کا انتظام کیا گیا۔ حضور نے خوشنودی کا اظہار کیا اور پھگلہ کی خوبصورتی کو ہندوستان کی ''کلووادی'' کی طرح خوبصورت قرار دیا۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کالج کے جب پرنسپل تھے تشریف لائے تو داداجان نے زمین کا ایک قطعہ کالج کے لئے تحفہ کے طور پر پیش کیا جو حضور کو بہت پسند آیا۔

اسی طرح حضرت خلیفۃ المسیح الرابع جب صدر مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ تھے پھگلہ تشریف لائے۔ اسی طرح سلسلہ کے بہت سارے علماء وسینئر بزرگان پھگلہ آئے۔

وہاں کی یخ بستہ سردی میں صبح اُٹھ کر پانی گرم کرتے اور گھر کے ہر فرد کو اس کے بستر کے نزدیک پانی کا ایک لوٹا پیش کرتے کہ لو گرم پانی۔ اُنھیں نماز باجماعت کا اہتمام کریں۔ ساری زندگی تہجد اور نماز باجماعت کا اہتمام کرتے گزاری۔ ہم بچوں میں سے ہی کسی کو ساتھ کھڑا کرتے اور نماز باجماعت ادا کرتے۔ لوگوں کا مفت علاج معالجہ بلکہ ساتھ دوائی کے لئے دودھ بھی اپنے گھر سے بعض اوقات دے دیتے۔

ایک دفعہ ایک شخص کو بھینس فروخت کی۔ اگلے دن وہ واپس آیا اور بتلانے لگا کہ بھینس ایک پہاڑی سے نیچے گرگئی اور مرگئی۔ اس پر داداجان نے ایک دوسری کھول کر اُس کے حوالے کردی۔ میری دادی جان مرحومہ ناراض ہوئیں کہ تحقیق تو کرلیتے پتہ نہیں جھوٹ ہی بول رہا ہو۔ ہماری دادی جان مرحومہ بھی بہت نیک، بزرگ خاتون تھیں۔ اللہ تعالیٰ نے چھ بیٹوں اور ایک بیٹی سے نوازا۔

آپ کو مانسہرہ میرے ناناجان مرحوم سے احمدیت کی وجہ سے دوستی محبت پیار تھا۔ وہ بھی بہت نیک، مخلص، سادہ مزاج انسان تھے۔ داداجان نے ایک دن اُن کے ساتھ ویسے ہی ذکر کردیا کہ بشیر کے لئے کوئی رشتہ بتائیں۔ ناناجان فوراً سادگی سے کہنے لگے شاہ صاحب میری ایک بیٹی ہے۔ گھر والوں کو بھجوائیں۔ اگر پسند ہو تو دیکھ لیں۔ اس پر داداجان نے استغفار پڑھتے ہوئے کہا کہ آپ نے اتنی مہربانی کردی ہے تو بس مجھے منظور ہے۔ ہاتھ اٹھائیں دعائے خیر کرتے ہیں۔ یوں یہ رشتہ طے ہوگیا اور الحمدللہ بہت مبارک بابرکت ثابت ہوا۔ میری والدہ صاحبہ نے بھی خوب خدمت کا حق ادا کیا۔ اسی طرح میرے چچا سید صادق شاہ صاحب کی شادی اپنے چچازاد بھائی کی صاحبزادی سے کی۔ انہوں نے بھی پیار محبت اور وفا کا تعلق خوب نبھایا۔

اللہ تعالیٰ ہر دو بزرگوں کی نسلوں کو احمدیت کے نور سے منور فرمائے۔ داداجان نے عمر کے آخری دو سال شدید بیماری میں گزارے۔ لیکن صبر و برداشت اور استقامت میں ذرا فرق نہ آیا۔ اکثر کہا کرتے تھے اِدھر آنکھ بند ہوگئی تو اُدھر کھل جائے گی۔ ساری اولاد کو ماشاء اللہ خدمت کی توفیق ملی۔ آخر جولائی 1974ء کے پرآشوب دنوں کی ایک شام میرے چچا سید اقبال شاہ صاحب کی گود میں اپنی جان جانِ آفرین کے سپرد کردی۔

اللہ تعالیٰ ان پر کروٹ کروٹ رحمتیں نازل فرمائے اور ہم سب کو اُن کے نقش پا پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔

☆☆☆

ابن کریم

اے غلام مسیح الزماں ہاتھ اٹھا

دعاؤں کے حصار میں آجائیں

جب سے ہم نے ہوش سنبھالا ہے ہم دیکھتے ہیں خلفاء سلسلہ کی زبان سے بعض اہم اور نازک حالات کے پیش نظر دعاؤں کے منصوبے احباب جماعت کے سامنے پیش کئے جاتے ہیں اور پھر ان دعاؤں کے اثرات بھی ہم نے بارہا اپنی آنکھوں سے دیکھے ہیں۔

اس کی وجہ یہ ہے کہ خدا نے ہمیں اجتماعیت عطا فرمائی ہے اور خدا نے اجتماعی دعاؤں بلکہ عالمی دعاؤں کی توفیق عطا فرمائی ہوئی ہے۔ ہمیں وہ امام عطا فرمایا ہے جس کا نقشہ ایک شعر میں کچھ اس طرح کھینچا گیا ہے۔

وہ تو جب بولتے ہیں کون و مکاں بولتے ہیں
تم سنو ان کی جو اشکوں کی زباں بولتے ہیں

اشکوں کی زبان سے کون و مکاں کو جھنجوڑنے والے نے قرآن کریم اور حضور اکرم ﷺ کی بیان فرمودہ بعض دعاؤں کی طرف چند سال پیشتر تحریک فرمائی تھی۔ اور یو۔ کے کے جلسہ سالانہ 2007ء پہ دوبارہ دعاؤں کی تحریک کو احباب جماعت کے سامنے پیش فرمایا۔

خلفاء ہمیشہ پیش آمدہ حالات کی وجہ سے قرآن کریم کی آیات ہی سے بچاؤ کی تدابیر اختیار فرماتے ہیں اور ہمیشہ ہی یہ تدابیر کارگر اور نتیجہ خیز ثابت ہوتی ہیں۔ کبھی تو دشمن کہتا ہے تمہارے مرکز کی اینٹ سے اینٹ بجادیں گے۔ وقت کا خلیفہ دعاؤں کی طرف توجہ دلاتا ہے اور تسلی دلاتے ہوئے بتاتا ہے میرا خدا میری مدد کے لئے دوڑا چلا آرہا ہے اور میں دیکھ رہا ہوں کہ مخالف کے پاؤں تلے سے زمین نکلتی چلی جارہی ہے اور بالکل ایسے ہی ہوتا ہے اور کبھی وقت کا حکمران یہ اعلان کرتا ہے کہ میں جماعت احمدیہ کے ہاتھ میں کشکول پکڑا دوں گا اور خلیفہ وقت دعاؤں کی طرف جماعت کو متوجہ فرماتے ہیں۔ وقت آتا ہے وہی تقدیر کے گھیر میں یوں آیا کہ بیچارہ خود اپنی جان بچانے کے لئے کشکول آگے کرتا ہے مگر خیرات بھی تو اس کشکول میں نہیں پڑتی اور کبھی کوئی اور اٹھتا ہے اور جماعت احمدیہ کو کینسر کا نام دے کر منانے کا اعلان کرتا ہے۔ خدا کا مقرر کردہ خلیفہ اس کے حکم نامہ نافذ کرنے سے چند دن پیشتر خطبہ جمعہ میں اللھم انا نجعلك کی دعا پڑھنے کی تلقین فرماتا ہے اور تاریخ کی گواہی دیتے ہوئے فرماتا ہے اس دعا نے اس سے پہلے بھی بڑوں بڑوں کے پرخچے اڑادیئے آج بھی اسی طرح ہوگا۔

ایسا ہوتا بھی کیوں نہ۔ جبکہ حقیقی اور متقی امام کی نشانی ہی یہ بتائی گئی ہے کہ اس کے مقتدی بھی تقویٰ شعار ہوں گے اور جو ان کی رہنمائی کرے گا اس کے تقویٰ اور خشیت اللہ کا اندازہ کرنا مشکل ہوگا اور قرآن کریم اسی حقیقت کے بارے میں کیا ہی خوبصورت انکشاف فرماتا ہے۔

انما یتقبل اللہ ...... کہ وہ صرف متقیوں سے قبول فرماتا ہے تو پیغام یہ ہے کہ متقیوں کی عاجزی اور انکساری اور دعائیں اور قربانیاں دربار خداوندی میں قبولیت کا شرف پاتی ہیں۔ پس آیئے اور دیکھئے کہ امام وقت ایدہ اللہ تعالیٰ کس طرح بار بار کی یاددہانی کے ذریعہ قرآن کریم کی دعاؤں کی طرف متوجہ فرما رہے ہیں اور دیکھو یہی وہ آواز ہے، جو خدا سے تائید یافتہ ہے انی معك یا مسرور کی نداء لگا رہی ہے اور ان آوازوں کی صداقت ہی اس سے ظاہر ہوتی ہے کہ، ان کی ہر بات خدا اور اس کے رسول کی طرف لے جاتی ہے۔

فرمایا ہر احمدی دن میں کم از کم سات بار سورۃ فاتحہ غور وفکر کے ساتھ پڑھے۔ میں سمجھتا ہوں ان انعامات کے حصول کی طرف اشارہ ہے جو اس عظیم الشان سورۃ میں بیان فرمائے گئے ہیں اور دین کے مقابل پر آنے والی قوموں پر فتح پانے کی دعا ہے۔ جن کا ذکر مغضوب اور ضالین کے ناموں سے کیا گیا ہے۔ میں سمجھتا ہوں بڑی حکمت کے ساتھ اس روحانی معرکے کی طرف توجہ دلا دی گئی ہے۔ جو در پیش ہے جس میں کامیابی محض دعاؤں کے طفیل ہی ہوگی۔

دعاؤں کے سلسلہ میں یاد رکھنے والی بات ایک یہ بھی اہم ہے کہ کثرت سے دعا کرتے چلے جانا ہی ہمارا کام ہے کبھی کرلیں کبھی نہ کیں یہ طریق درست نہیں۔

بار باران الفاظ کا تکرار عاجزی اور انکساری کے ساتھ ہوتا چلا جائے تو پھر خدا تعالیٰ اسی رنگ میں رنگین کردیتا ہے۔ مجھے یاد ہے ایک مجلس سوال و جواب میں حضرت خلیفہ رابع کے سامنے اس مشہور شعر کا ذکر ہوا۔

میں جو سربسجدہ ہوا کبھی تو زمیں سے آنے لگی صدا
تیرا دل تو ہے صنم آشنا تجھے کیا ملے گا نماز میں

حضور نے اس پر محاکمہ کرتے ہوئے فرمایا جس کا مفہوم یہ ہے کہ اس شعر میں وہ وجہ بھی موجود ہے جس کا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ تجھے کیا ملے گا نماز میں وہ وجہ یہ ہے کہ کبھی کبھی سربسجدہ ہونے کا یہی نتیجہ نکلتا ہے یہی وجہ ہے کہ حضرت مسیح موعود نے فرمایا ہے کہ نماز میں لذت حاصل کرنے کے لئے بار بار ایاک نعبد و ایاک نستعین پڑھتے رہنا چاہئے۔ کبھی کبھار خدا کے حضور ماتھا ٹیک لیا اور سمجھ لیا کہ اس کے حقوق ادا ہوگئے کافی نہیں۔ مسلسل حقوق اللہ کی ادائیگی کے لئے آخری لمحات تک عبادت کرتے چلے جانا ضروری ہے۔ خود حضور اکرم ﷺ کا نمونہ ہمارے سامنے ہے مرض الموت میں بھی دو عشاق کے کندھوں پر ہاتھ رکھ کر نماز کے لئے گھسٹتے پاؤں کے ساتھ تشریف لائے تھے۔ لہٰذا مسلسل دعاؤں اور دعاؤں کی طرف توجہ دینی ضروری ہے۔

اب سنئے ان ائمہ کی بات جنہیں یہ مناصب آسمان عطا فرماتا ہے جن کو دعاؤں کے ڈھنگ بھی خدا ہی سکھاتا ہے۔ ایک دفعہ کی بات ہے حضرت مسیح موعود نماز تہجد کی ادائیگی کے لئے اٹھے تو بیماری کی وجہ سے غشی کھا کر گر پڑے۔ الہام ہوا ایسی کیفیت میں لیٹے لیٹے ہی سبحان اللہ وبحمدہ سبحان اللہ العظیم پڑھ لینا چاہئے۔

(روزنامہ الفضل 29 اکتوبر 2004ء)

ایک دفعہ الہام ہوا۔

چل رہی ہے نسیم رحمت کی
جو دعا کیجئے قبول ہے آج

تو ہمیں ان آسمانی باتوں کی طرف دھیان کرنا چاہئے کہ ہمیں خوشخبریاں دی جاتی ہیں کہ رحمت کے سامان موجود ہیں۔ جو دعائیں بھی کرو آسمان ان کو شرف قبولیت عطا فرمائے گا۔ مگر وہ لوگ جو اس عظیم نظام سے محروم ہیں ان کی دعائیں بھی قبول نہیں ہوتیں خود اقرار کرتے ہیں۔ ڈاکٹر انعام الحق ایک شعر میں کہتے ہیں۔

سو میں سے ایک بھی نہ دعا ہو سکی قبول
دیکھے ہیں ہم نے حوصلے پروردگار کے

(بحوالہ نوائے وقت کالم سرراہے 16 جون 1995ء)

اور جنگ کے معروف کالم نگار قاسمی صاحب نے تمثیلی زبان میں ایک وفات شدہ کا تذکرہ اخبار میں کیا ہے کہ قبر میں اس کو عذاب دینے کی آوازیں آرہی ہیں اس کو بتایا گیا کہ تمہارے لئے دو ہزار دفعہ قرآن کریم پڑھا گیا اور لاکھوں دفعہ سورۃ یٰسین پڑھی گئی مگر اس کا جواب تھا کہ ان سب باتوں کے باوجود میرے عذاب میں کمی نہیں ہوئی۔ (جنگ 2 ستمبر 2007ء)

بات بہت آسان ہے جو چیز جہاں سے ملتی ہو وہیں سے لینی چاہئے۔ اب مثال کے طور پر آپ کو بلب درکار ہے تو آپ دہی بیچنے والے کے پاس تو بلب لینے نہیں جائیں گے ناں۔ یا آپ کو کپڑے کی ضرورت ہے تو آئرن سٹور یا سینٹری والے کے پاس تو نہیں جائیں گے یا پھل کی ضرورت ہے تو میڈیسن کی دکان پر تو نہیں جائیں گے۔ بعینہٖ اسی طرح اس زمانے میں دعا کا علم بلند کرنے والے جنہوں نے یہ راز کھولا کہ عرب کے بیابان میں جو تبدیلیاں آئیں وہ بھی ایک فانی فی اللہ کی اندھیری راتوں کی دعاؤں کے نتیجہ میں آئی تھیں ہاں وہی جو اس زمانے میں اسی غلامی میں قبولیت دعا کا نشان دیتا ہے اور چیلنج دیتا ہے اور بتاتا ہے کہ میری تیس ہزار کے قریب دعائیں ہیں جن کو خدا نے شرف قبولیت عطا فرمایا۔

(روحانی خزائن جلد 13 ص 497)

اور فرمایا مجھے دعا کا حربہ آسمان سے دیا گیا ہے۔

(روحانی خزائن جلد 20 ص 82)

اور آج بھی خلیفہ وقت اسی غلامی کے طفیل دنیا میں روحانی انقلاب پیدا کرنے کے لئے دعاؤں کی طرف متوجہ فرما رہا ہے۔ جلسہ سالانہ جرمنی 2007ء کے اختتامی خطاب میں دعاؤں کی تحریک فرمائی ہے۔ یقیناً یہ دعائیں قبول ہوں گی۔ تو اسی ضمن میں یاد رکھیں خلافت جوبلی کے موقع پر آپ نے استغفار بھی دن میں کم از کم تینتیس دفعہ پڑھنے کا ارشاد فرمایا ہے۔ قرآن کریم کے دو مقامات کا تذکرہ کرتا ہوں ان آیات کو بھی ہم روزمرہ نمازوں میں پڑھ کر اس تحریک کو زندہ کرسکتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

اور جہاں سے لوگ واپس لوٹتے رہے ہیں وہیں سے تم بھی لوٹو اور اللہ سے مغفرت طلب کرو، اللہ یقیناً بہت بخشنے والا اور بار بار رحم کرنے والا ہے ......اور اے ہمارے رب ہمیں اس دنیا میں بھی کامیابی دے اور آخرت میں بھی کامیابی دے اور ہمیں آگ کے عذاب سے بچا اور یہی وہ لوگ ہیں جن کے لئے ان کی نیک کمائی کے سبب سے ثواب کا ایک بہت بڑا حصہ مقدر ہے اور اللہ بہت جلد حساب چکا دیتا ہے۔

(البقرہ آیات 200 تا 203)

اور درود شریف کی یاددہانی کے لئے اگر سورہ احزاب کی آیات 57 تا 59 کو معمول بنالیا جائے تو عجیب قسم کی روحانی کیفیت میں سے انسان گزرے گا فرماتا ہے۔

اللہ یقیناً اس نبی پر اپنی رحمت نازل کررہا ہے اور اس کے فرشتے بھی یقیناً اس کے لئے دعائیں کررہے ہیں پس اے مومنو تم بھی اس نبی پر درود بھیجتے اور ان کے لئے دعائیں کرتے رہا کرو اور خوب جوش وخروش سے ان کے لئے سلامتی مانگتے رہا کرو۔

تینتیس دفعہ سبحان اللہ کے ورد کو یاد کروانے کے لئے قرآن کریم کی ان آیات کی تلاوت بھی فائدہ مند رہے گی۔ فسبحٰن اللہ حین تمسون وحین تصبحون۔ پس اللہ کی تسبیح کرو جب تم شام کے وقت میں داخل ہو یا صبح کے وقت میں داخل ہو اور آسمانوں اور زمین میں اسی کی تعریف ہے اور بعد دوپہر بھی اس کی تسبیح کرو اور اسی طرح عین دوپہر کے وقت بھی۔ وہ زندہ کو مردہ سے نکالتا ہے اور مردہ کو زندہ سے نکالتا ہے اور زمین کو اس کے مرجانے کے بعد زندہ کرتا ہے اور اسی طرح تم بھی نکالے جاؤ گے۔

(سورۃ الروم آیات 18 تا 20)

قرآن کریم کی دعائیں تو خیر ورد زبان ہوتی ہیں حضور اکرم ﷺ نے بھی قرآن کریم کے انداز کو اپنا کر انہی دعاؤں کے طریق پر دعائیں سکھائی ہیں۔ اگر اس پہلو کو مدنظر رکھتے ہوئے قرآن کریم کے ان حصوں کی تلاوت نمازوں میں کی جائے تو خود بخود ان آیات کے سننے سے دعاؤں کی طرف ذہن منتقل ہوجائے گا۔

میرا تو اسی دن سے یہ معمول ہے جب سے پیارے آقا ایدہ اللہ تعالیٰ نے تحریک فرمائی ہے۔ مثال

کےطور پر یہ ربنا افرغ علینا صبراً......دن میں کم ازکم گیارہ مرتبہ پڑھنے کا ارشاد ہے۔ یہ دعا سورۃ بقرہ میں محفوظ ہے اگراس رکوع کوفلما فصل طالوت بالجنود سے لےکرانك لمن المرسلین تک پڑھ دیا جائے تو دعا درمیان میں آجاتی ہے۔ میں احباب کی دلچسپی کی خاطر اس رکوع کا ترجمہ لکھ دیتا ہوں۔

پھر جب طالوت اپنی فوجوں کو لے کر نکلا تو اس نے کہا اللہ ایک ندی کے ذریعہ سے یقیناً تمہارا امتحان لینے والا ہے پس جس نے اس نہر میں سے پیٹ بھر کر پانی پی لیا وہ مجھ سے وابستہ نہیں رہے گا اور جس نے اس سے نہ چکھا وہ یقیناً مجھ سے وابستہ ہوگا......اور جب وہ جالوت اور اس کی فوجوں کے مقابلہ کے لئے نکلے تو انہوں نے کہا اے ہمارے رب ہم پر قوت برداشت نازل کر اور میدان جنگ میں ہمارے قدم جمائے رکھ اور ان کافروں کے خلاف ہماری مدد کر......

یہ اللہ کی آیات ہیں جنہیں ہم تجھے پڑھ کر سناتے ہیں اس حالت میں کہ تو حق پر قائم ہے اور تو یقیناً رسولوں میں سے ہے۔

دوسری دعا ربنالاتزغ قلوبنا......کم ازکم 33 بار پڑھنے کی تحریک ہے اور یہ سورہ آل عمران رکوع 1 میں موجود ہے۔ اگر ھوالذی یصور کم فی الارحام کیف یشاء......آل عمران آیت 6 تا 10 سے لےکران اللّٰہ لایخلف المیعاد تک لے جائیں تو درمیان میں یہ دعا آجائے گی۔ ان آیات کا ترجمہ پیش خدمت ہے۔

وہی ہے جو رحموں میں جیسی چاہتا ہے تمہیں صورت دیتا ہے اس کے سوا کوئی پرستش کا مستحق نہیں۔ وہ غالب اور حکمت والا ہے......

اے ہمارے رب تو ہمیں ہدایت دینے کے بعد ہمارے دلوں کو کج نہ کر اور ہمیں اپنے پاس سے رحمت کے سامان عطا کر یقیناً تو ہی بہت عطا کرنے والا ہے۔ اے ہمارے رب تو یقیناً سب لوگوں کو اس دن جس کی آمد میں کوئی شک وشبہ نہیں جمع کرے گا اللہ ہرگز وعدہ خلافی نہیں کرتا۔

دعا کرنے کے بارہ میں عقیدۃً تو اربوں لوگ قائل ہیں بڑے بڑے دہریہ جب چوٹ لگتی ہے یا دکھ اٹھاتے ہیں تو اللہ ہی ان کے منہ سے نکلتا ہے مگر حقیقتاً خدا شناسی کی باتیں اور یہ کہ خوش قسمتی سے مجھے ایک ہیرا ملا اور اے محرومو اس چشمہ کی طرف دوڑو اور خود اپنا تعارف یوں کروانا۔

سر سے لے کر پاؤں تک وہ یار مجھ میں ہے نہاں
اے مرے بدخواہ کرنا ہوش کر کے مجھ پہ وار

اور یہ اعلان کرنا کہ

وہ خدا اب بھی بناتا ہے جسے چاہے کلیم
اب بھی اس سے بولتا ہے جس سے وہ کرتا ہے پیار

اور یہ مژدہ سنانا

اے سونے والو جاگو کہ وقتِ بہار ہے
اب دیکھو در پہ آکے ہمارے وہ یار ہے

باقی صفحہ 11 پر

ڈاکٹر ملک نسیم خان صاحب

دل کی ساخت، طریق کار اور ہارٹ اٹیک کی علامات

دل ہمارے جسم کا نہایت اہم عضو ہے۔ اعضائے رئیسہ میں اسے پھیپھڑوں کے دو چوبداروں کے درمیان معدے کے تخت پر بیٹھے بادشاہ کی حیثیت دی جاتی ہے۔ اس کی دھڑکن زندگی کی علامت اور اس کی زندگی دھڑکنوں کی نوید ہے۔ یہ کام کرنا چھوڑ دے تو انسانی زندگی چندمنٹ میں ختم ہوجاتی ہے۔ آپ کو یہ جان کر یقیناً حیرت ہوگی کہ دل انسان کے پیدا ہونے سے بہت پہلے متحرک ہوجاتا ہے۔ اور پل بھر ضائع کیے بغیر کسی وفادار خادم کی طرح اپنا کام کرتا رہتا ہے۔

انسانی جسم میں دل ایک ایسا پمپنگ سٹیشن ہے۔ جس کے اندر دو پمپ نصب ہیں۔ دائیں حصے کا پمپ جسم میں گردش کرنے والے خون کو صفائی کے لئے پھیپھڑوں کی طرف بھیجتا ہے اور بایاں پمپ صاف خون کو جسم کے اندر تمام اعضاء تک پہنچاتا ہے۔ اس صاف خون کے ذریعے جسم کے ان تمام اعضاء کو آکسیجن اور دوسرے غذائی اور کیمیائی اجزاء ملتے ہیں۔ جو ان کے روز مرہ معمولات انجام دینے کے لئے ضروری ہیں۔

